**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ 26.04.2024**

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | بلوچستان عالمی سرمایہ کاری کیلئے موزوں تمام سہولیات دینگے، وزیر اعلیٰ بگٹی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | دہشتگردی کے خاتمے کیلئے فیصلہ کن جنگ کرنا پڑے گی، وزیر داخلہ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | بلوچستان میں خدمات کے محصولات کا دائرہ کار مزید وسیع کیا جائے، وزیر خزانہ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 04 | بلوچستان میں تعلیمی ایمرجنسی نافذ کوتاہی برداشت نہیں، داحیلہ درانی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 05 | انسداد کی بدعنوانی کو فروغ دیکر کرپشن سے پاک ماحول پیدا کرنا ہمارا عزم ہے، ڈی جی نیب بلوچستان | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | ڈاکٹرز پیرامیڈیکس اور تمام سٹاف خدمت خلق کو اپنا شعار بنائیں، ڈپٹی کمشنر چمن | آزادی ودیگر اخبارات |
| 07 | منصوبوں کی عدم تکمیل سے متعلق شکایات اٹھا رہے ہیں، وزیر اعلیٰ معائنہ کمیٹی | باخبر ودیگر اخبارات |
| 08 | ڈی سی کوئٹہ کی کارروائی روٹی وزن میں کمی پر 9 تندور مالکان گرفتار | باخبر ودیگر اخبارات |
| 09 | وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیم کا ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفس کا دورہ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | موٹروے پولیس ڈرائیور لائسنس اتھارٹی قائم کررہی ہے، آئی جی موٹروے | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | چینی اسمگلرز کیخلاف ٹھوس کارروائی کی جائے، جمعیت نظریاتی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | الیکشن کمیشن شفاف، غیر جانبدار انتخابات میں ناکام رہا، پشتونخوا میپ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 13 | اسٹیبلشمنٹ مضبوط آئین اور جمہوریت نہیں چاہتی، مولانا لونی | مشرق ودیگر اخبارات |
| 14 | شہر کی ترقی کیلئے معیاری ترقیاتی کام دیانتداری سے کئے جائیں، جماعت اسلامی | مشرق ودیگر اخبارات |
| 15 | بارش نے کیسکو اور میٹروپولیٹن انتظامیہ کی کارکردگی کو پول کھول دیا، پی ٹی آئی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | جمعیت نے ہمیشہ بلوچستان کے حقوق کی جنگ لڑی مولانا عبدلواسع | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | لاپتہ افراد کا مسئلہ حل کرنے کیلئے فوری اقدامات کی ضرورت ہے، بی این پی | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان:

خضدار لیویز کے بروقت کارروائی موٹر سائیکل چھیننے کی کوشش ناکام بنادی، ہرنائی پولیس نے ایک ماہ بعد ٹریکٹر چور گرفتار کرلیا، ضلع کیچ میں سیکورٹی فورسز کی چیک پوسٹ پر فائرنگ، ہزار گنجی میں ایک شخص ہلاک، منگچر زیر تعمیر ڈیم کے دو سیکورٹی اہلکار اغواء، مستونگ چھینی گئی گاڑی برآمد دو ملزمان گرفتار

## عوامی مسائل:

طوفانی بارشوں نے کلی گوہر آباد سریاب کو کھنڈرات میں تبدیل کردیا ہے، علاقہ مکین، بلوچستان سمیت ملک بھر میں جان بچانے والی ادویات کی قلت، پسنی مچھروں کی بھرمار تا حال اسپرے نہ ہوسکا، بیماریاں پھیلنے کا خدشہ،

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ 26.04.2024**

## اداریہ ؛

روزنامہ باخبر کوئٹہ نے **"سرکاری ہستپالوں کی حالت زار حکام کی فوری توجہ کا منتظر "** کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ وطن عزیز میں مرکز اور صوبوں میں اقتدار سنبھالنے والی ہر حکومت عوام کو علاج کی سہولیات فراہم کرنے کو ترجیحات میں سرفہرست قرار دیتی ہے سرکاری علاج گاہوں میں مریضوں کا رش حقیقت ہے وسائل بمقابلہ مسائل کم ہونا بھی حقیقت ہے اس سب سے متعلق فنڈز کا انتظار کرنے کی بجائے مہیا وسائل میں مریضوں کیساتھ ان کے تیمارداروں کو درپیش مشکلات کا ح ممکن بنایا جاسکتا ہے، انتظار گاہوں میں بیٹھنے کی سہولت رات کے قیام میں دشواریوں کا خاتمہ، واش رومز کی سہولت اور سب کے ساتھ ہسپتالوں کے اندر قریبی بازاروں میں معیاری اشیائے خوردونوش کی مناسب نرخوں پر فراہمی کیلئے صرف ضرورت نگرانی کے کڑے انتظام کی ہے جس کا احساس ناگزیر ہے کئی کئی دن مریضوں کے ساتھ گزارنے والے تیمارداروں کی مشکلات کا اندازہ اسی وقت ہوسکتا ہے جب خود ذمہ دار حکام موقع پر پہنچ کر ان کا جائزہ لیں یہی صورتحال صوبائی حکومت کوئٹہ کے سرکاری ہسپتالوں کی جہاں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بولان میڈیکل کالج اور شیخ زید ہسپتال کے دورے بھی کئے لیکن ہسپتالوں میں مسائل جوں کے توں ہیں کہیں ادویات نہیں تو کہیں دیگر سہولیات ناپید ہیں لہذا صوبائی حکومت اور متعلقہ محکمے کے اعلیٰ حکام اس صورتحال کا سنجیدگی سے جائزہ لے کر عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائیں،

## اداریے:

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے **"پانی قلت ،وزیر اعلیٰ کا مانگی ڈیم کی عدم تکمیل پر برھمی کا اظہار "** کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Infrastructure woes" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

## مضامین :

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے **"کوئٹہ ارمانوں کا قبرستان "** کے عنوان سے آغا نیاز کا مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub

روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب


ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

Bullet No.________ Page No.________


جمعہ 26 اپریل 2024ء



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی اقوام متحدہ کے ادارے یو این ڈی پی کی جانب سے سیلاب متاثرین کے گھروں کے تعمیر کے حوالے سے افتتاح کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے یو این ڈی پی کی اسسٹنٹ سیکرٹری جنرل کنی وگنا راجا ملاقات کر رہی ہیں



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نیشنل ہائی وے موٹروے، پولیس کے حکام کے اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے سیکرٹریٹ آفیسر ایسوسی ایشن کے صدر عبدالمالک کاکڑ کی قیادت میں وفد ملاقات کر رہا ہے



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے ممبر پاکستان بار کونسل منیر احمد کاکڑ ایڈووکیٹ کی سربراہی میں وکلاء کا وفد ملاقات کر رہا ہے



وزیراعلیٰ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو پولیس آرکائیو سینٹر میں یادگاری خطوط پڑھ رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ورکرز ویلفیئر بورڈ کے امور سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان کے سیلاب زدہ علاقوں میں دوبارہ تعمیر نو اور کوارڈینیشن پروگرام کے تحت ریزلینٹ ماڈل ہاؤسز کے ماڈل کا معائنہ کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No.________ Page No.________


روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ
سینچری
پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار
جلد 22 شمارہ 134 | جمعۃ المبارک، 17 شوال، 26 اپریل 2024، صفحات 8 قیمت 40 روپے


# بلوچستان کو ماحولیاتی تبدیلی کے سنگین چیلنجز کا سامنا ہے، سرفراز بگٹی

**صوبے بھر میں ہونیوالی غیر معمولی بارشوں اور سیلاب سے فصلوں، باغات اور کچے مکانات کو بڑے پیمانے پر نقصان ہوا**

**بلوچستان عالمی سرمایہ کاری کیلئے موزوں ترین خطہ ہے، سرمایہ کاروں کو ون ونڈو کے تحت سہولیات دینگے، UNDP وفد سے گفتگو**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے جمعرات کو یہاں اقوام متحدہ کے ترقیاتی پروگرام کی اسسٹنٹ (باقی صفحہ 5 نمبر 51)

سیکرٹری جنرل کنی وگنا راجا کی سربراہی میں یو این ڈی پی کے نمائندہ وفد نے ملاقات کی اور بلوچستان میں جاری اور آئندہ کے مجوزہ منصوبوں پر تبادلہ خیال کیا۔ ملاقات میں حکومت بلوچستان اور اقوام متحدہ کے ادارہ برائے ترقی نے مختلف شعبوں میں باہمی اشتراک پر اتفاق کیا یو این ڈی پی کے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کو ماحولیاتی تبدیلی کے سنگین چیلنجز کا سامنا ہے صوبے میں غیر معمولی بارشوں اور سیلابی آفات سے فصلوں اور کچے مکانات کو بڑے پیمانے پر نقصانات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے اس چیلنج سے نمٹنے کیلئے صوبائی حکومت اور اس کے ماتحت ادارے ماحولیاتی تبدیلی سے متعلق جامع پالیسی پر کام کر رہے ہیں سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں دوبارہ آبادکاری کے بحالی منصوبوں اور مستقبل کی حکمت عملی میں اس بات پر توجہ دی جا رہی ہے کہ ماحولیاتی تبدیلی کے نتیجے میں رونما ہونے والے ممکنا نقصانات کو کم سے کم رکھا جائے، اور مستقبل کی منصوبہ بندی بدلتے موسمی حالات کو مد نظر رکھ کر تشکیل دی جائے وزیراعلیٰ بلوچستان نے عالمی ادارہ ترقی کے نمائندہ وفد کو آگاہ کیا کہ صوبے کے دور دراز علاقوں میں نیشنل گریڈ سے پیچیدہ منصوبہ بندی کے ذریعے مہنگی قیمت پر بجلی کی فراہمی کے بجائے سولر کے ذریعے متبادل ذرائع پر کام جاری ہے اور ابتدائی طور پر بلوچستان کے متعدد مراکز صحت اور تعلیمی اداروں کو سولرائزیشن سسٹم پر منتقل کیا گیا ہے ہماری خواہش ہوگی کہ یو این ڈی پی کے تعاون سے صوبے میں متبادل توانائی کے منصوبوں کو وسعت دی جائے، میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان عالمی سرمایہ کاری کے لئے موزوں خطہ ہے جہاں سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے ون ونڈو آپریشن کے تحت ملکی اور قومی سرمایہ کاروں کو تمام سہولیات ایک چھت تلے فراہم کریں گے وزیراعلیٰ بلوچستان نے یو این ڈی پی کے جاری اور مجوزہ منصوبوں کو سراہتے ہوئے صوبائی حکومت کی جانب سے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی وفد کی سربراہ اسسٹنٹ سیکرٹری یو این ڈی پی کنی وگنا راجا نے وزیراعلیٰ بلوچستان کو آگاہ کیا کہ اقوام متحدہ کے ترقیاتی پروگرام کے تحت پاکستان کے 20 اضلاع کا ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ پلان تشکیل دیا گیا ہے جس میں بلوچستان کے 10 اضلاع شامل ہیں بلوچستان حکومت کے ساتھ ماحولیاتی تبدیلی، تعلیم و صحت کے شعبوں میں تعاون کریں گے اس کے علاوہ سیلاب متاثرین کی دوبارہ آبادکاری، متبادل توانائی رولز آف لاء اور ایس ڈی جیز پر معاونت کر رہے ہیں ملاقات میں ترجمان صوبائی حکومت شاہد رند، ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات و منصوبہ بندی عبدالصبور کاکڑ، پرنسپل سیکرٹری ٹو چیف منسٹر عمران زرکون سمیت حکومت بلوچستان کے اعلیٰ افسران و یو این ڈی پی کے دیگر نمائندے بھی شریک تھے۔

# گڈ گورننس کیلئے ہر سطح پر اصلاحات و میرٹ ضروری ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

**حکومت ریفارمز سے متعلق تجاویز کا جائزہ لے رہی ہے، درست سمت کا تعین ضرور کریں گے، سرفراز بگٹی کی وفد سے گفتگو**

**بلوچستان کے نوجوانوں کو عالمی سطح کی پیشہ ورانہ تربیت، عربی، فرنچ اور انگریزی زبانیں سکھائیں گے، اجلاس سے خطاب**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے بلوچستان سول سیکرٹریٹ آفیسرز ایسوسی ایشن کے نمائندہ وفد نے عبدالمالک کاکڑ کی قیادت میں ملاقات کی اور پی ایم ایس کی تشکیل سے متعلق مرتب تجاویز پر عمل درآمد سمیت تینوں کیڈرز کے تصفیہ طلب امور پر تبادلہ (باقی صفحہ 5 نمبر 2)

خیال کیا، وزیراعلیٰ بلوچستان نے تینوں آفیسرز ایسوسی ایشن کے صدور پر مشتمل کمیٹی تشکیل دیتے ہوئے اسسٹنٹ ایگزیکٹو آفیسران کے دیرینہ امور کے مستقل حل کے لئے دس دن میں جامع تجاویز مرتب کر کے پرنسپل سیکرٹری آفس میں جمع کرانے کی ہدایت کی، وزیراعلیٰ بلوچستان نے سول سیکرٹریٹ آفیسرز ایسوسی ایشن کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ گڈ گورننس کے قیام کے لئے ہر سطح پر اصلاحات اور میرٹ کا قیام ضروری ہے۔

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت بلوچستان میں نیشنل ڈرائیونگ لائسنس برانچ کے قیام پر (باقی صفحہ 5 نمبر 3)

پیش رفت کا جائزہ اجلاس جمعرات کو یہاں منعقد ہوا اجلاس میں آئی جی موٹر وے پولیس سلمان چوہدری کی جانب سے وزیراعلیٰ بلوچستان کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ بیرون ملک کم تعلیم یافتہ تاہم ڈرائیونگ اور وہاں کی زبانوں سے آشنا افراد کے لئے روزگار کے وسیع مواقع موجود ہیں دستیاب اعداد و شمار کے مطابق یورپ میں تین لاکھ اور مڈل ایسٹ میں ایک لاکھ ڈرائیونگ پیشہ افراد درکار ہیں انہی ضروریات کو مد نظر رکھتے ہوئے بلوچستان کے افراد کو مڈل ایسٹ اور یورپ میں روزگار کے مواقعوں کی فراہمی کے لئے کامیاب حکمت عملی مرتب کرنا ضروری ہے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے چیف سیکرٹری کو مناسب تجویز کردہ مقام پر ڈرائیونگ اسکولز کے قیام کا جائزہ لینے کی ہدایت کی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily:

Bullet No.

Dated:

Page No.

روزنامہ سنچری ایکسپریس، کوئٹہ، جمعۃ المبارک، 26 اپریل، 2024ء



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پی ڈی ایم اے کے دورے کے موقع پر میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان کے سیلاب زدہ علاقوں میں دوبارہ تعمیر نو اور کوآرڈینیشن پروگرام کے تحت ریزیلینٹ ماڈل ہاؤسز کے ماڈل کا معائنہ کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی ملاقات کر رہی ہیں



وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی ورکرز ویلفیئر بورڈ کے امور سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نیشنل ہائی وے اینڈ موٹروے پولیس کے زیرانتظام کچلاک میں ڈرائیونگ سکول کے قیام پر پیشرفت سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE


DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No.____________

Page No.____________

786
92

Roznama
92 News

روزنامہ 92 نیوز
کوئٹہ

قیمت 30 روپے

جلد 7 | جمعۃ المبارک 17 شوال المکرم 1445ھ 26 اپریل 2024ء | شمارہ 218




کوئٹہ: وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی ورکرز ویلفیئر بورڈ کے امور سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

# زلزلہ برداشت کرنیوالے 600 سے 1000 گھر تعمیر کرینگے

سرفراز بگٹی

## 62 نالوں پر تجاوزات کے خاتمے کیلئے کارروائی ہوگی، افسران فیلڈ میں نظر نہیں آئیں گے تو کارروائی ہوگی، وزیراعلیٰ بلوچستان

### حکومت ڈرائیونگ لائسنس اسکول قائم کرنے جا رہی، عالمی معیار کے مطابق ڈرائیونگ اور 3 زبانیں سکھائی جائیں گی، میڈیا سے گفتگو

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ کوئٹہ میں زلزلہ برداشت کرنے والے 600 سے 1000 گھر تعمیر (باقی صفحہ 3 نمبر21)

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی نے مزدور پیشہ افراد کے 400 بچوں کو ملک کے اعلیٰ اقامتی تعلیمی اداروں میں بھیجنے کا اعلان کر دیا۔ (باقی صفحہ 3 نمبر22)

کرنے جارہے، افسران فیلڈ میں نظر نہیں آئیں گے تو کارروائی ہوگی، کوئٹہ کے 62 نالوں پر تجاوزات کے خاتمے کے لئے کارروائی کریں گے، حکومت ڈرائیونگ لائسنس اسکول قائم کرنے جارہی، عالمی معیار کے مطابق ڈرائیونگ بلکہ 3 مختلف زبانیں بھی سکھائی جائیں گی، یہ بات انہوں نے جمعرات کو پی ڈی ایم اے کے دفتر میں یو این ڈی پی کے تعاون سے تعمیر گھروں کے منصوبے کے افتتاح پر میڈیا سے گفتگو میں کہی، ان کا مزید کہنا تھا کہ ہنہ اوڑک میں یو این ڈی پی کی گرانٹ کے تحت 600 سے 1000 ایسے مکانات بنائے جارہے جو 8 شدت تک کے زلزلے کو برداشت کرسکتے ہیں، مزدوروں کی فلاح کے لئے رجسٹریشن کی تعداد بڑھانے جارہے ہیں، صوبے میں 19 ہزار مزدور رجسٹرڈ ہیں، حکومت ان کے 500 بچوں کو اعلیٰ تعلیم کے لئے ورکرز ویلفیئر فنڈ کے ذریعے اسکالرشپ فراہم کرنے جارہی، 30 ہزار نوجوانوں کو ہنر سکھا کر دنیا بھر میں بھیجیں گے جس سے وہ نہ صرف اپنے اور اپنے خاندان بلکہ ملک کے لئے زرمبادلہ پیدا کریں گے، موٹروے پولیس نے کوئٹہ میں ڈرائیونگ لائسنس اتھارٹی قائم کی ہے، لائسنس پوری دنیا میں تسلیم شدہ ہے، حکومت بلوچستان پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت ڈرائیونگ لائسنس اسکول بنائے گی جہاں نہ صرف ڈرائیونگ بلکہ عربی، فرانسیسی، انگریزی زبانیں بھی سکھائیں گے، وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کو بے روزگاری نے جکڑا ہوا ہے، ہمارے بچے بعد میں غلط انداز میں استعمال کئے جاتے ہیں، نوجوانوں کو ہنرمند بنائیں گے، سیلاب زدگان کی بحالی کے لئے وفاقی حکومت کی گرانٹ سے گھر جلد بنائے جائیں گے، سیلاب بحالی فنڈز سے انفراسٹرکچر، سڑکیں بھی بنیں، یہ منصوبہ جلد چلتا ہوا نظر آئے گا، بلوچستان وفاق کی اکائی ہے ہم وفاقی حکومت کے فیصلوں کے ساتھ کھڑے ہیں، مسائل پر وفاق سے بات کریں گے، کوئٹہ کے 62 نالوں پر تجاوزات ہیں، نالوں پر مساجد بنائی گئی ہیں یہ جنت جانے کا کونسا راستہ ہے، کوئٹہ میں انسداد تجاوزات مہم چلائیں گے، شہر میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت کچرا اٹھانے کا منصوبہ لائیں گے جس سے شہریوں کے گھروں سے کچرا اکٹھا کرنے کے ساتھ ساتھ اسے ٹھکانے لگایا جائے گا، ایک سوال کے جواب میں سرفراز بگٹی کا کہنا تھا کہ قلی اب خاتمے کی جانب جارہے ہیں، حکومت ان اسامیوں کو لیویز، پولیس سمیت دیگر محکموں میں لیکر جائے گی، وزراء کو محکمے تفویض کردیئے ہیں جس کے بعد وہ ان محکموں میں بہتری کے لئے کام کر رہے ہیں افسران فیلڈ میں نہیں ہوں گے تو ان خلاف کارروائی کریں گے، ساحلی علاقوں میں غیرقانونی ٹرالنگ پر وفاقی اور سندھ حکومتوں سے بات کی ہے، وزیراعلیٰ سندھ نے متعلقہ محکمے کو ہدایات دی ہیں، دونوں صوبوں کے محکمہ فشریز ملکر لائحہ عمل بنائیں گے، حکومت بلوچستان کے حقوق پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کریں گے۔

وزیراعلیٰ کے مطابق لیبر ویلفیئر فنڈ کے تحت مزدوروں کے بچے بھی پاکستان کے اعلیٰ تعلیمی اداروں میں تعلیم حاصل کرسکیں گے، مزدوروں کے بچوں کے تمام تعلیمی اور اقامتی اخراجات لیبر ویلفیئر فنڈ سے ادا کریں گے، مزدور کا باصلاحیت بچہ مزدور نہیں افسر، ڈاکٹر، انجینئر اور کامیاب انسان بنے گا، مزدور کا بچہ وہیں پڑھے گا جہاں ایک صاحب حیثیت فرد کا بچہ پڑھتا، غریب ہمیشہ غریب رہے یہ اس کی قسمت کا نہیں معاشرتی ہمواری کا معاملہ ہے، رواں سال مزدوروں کے 400 بچے پاکستان کے اعلیٰ تعلیمی اداروں میں پڑھیں گے، آئندہ سال سے مزدوروں کے ایک ہزار بچے اعلیٰ تعلیمی اداروں میں بھیجیں گے، بلوچستان پر ایک مزدور کے بچے کا اتنا ہی حق ہے جتنا ایک صاحب حیثیت فرد کے بچے کا ہے۔

## سرکاری محکموں میں تقرریوں اور تبادلوں پر عائد پابندی ختم

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے صوبے کے تمام سرکاری محکموں میں تقرریوں اور تبادلوں پر عائد پابندی ہٹا دی۔ بلوچستان کے محکمہ نظم و نسق کے جاری کردہ ایک اعلامیے کے مطابق وزیراعلیٰ بلوچستان نے سرکاری محکموں کے گریڈ 21 تک (باقی صفحہ 3 نمبر39)

ملازمین کی تقرریوں اور تبادلوں پر عائد پابندی کو ختم کردیا ہے۔ واضح رہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان نے 13 مارچ کو صوبے کے تمام سرکاری محکموں میں ملازمین اور افسران کی تقرریوں اور تبادلوں پر پابندی عائد کی تھی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No.______

Page No.______



THE DAILY INTEKHAB (Quetta)

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

قیمت 30 روپے ★ صفحات 6

www.dailyintekhab.PK
intekhabnews@gmail.com,
Quetta Ph:081-2822909

جلد نمبر 31 | بروز جمعۃ المبارک 26 اپریل 2024ء بمطابق 17 شوال المکرم 1445ھ | شمارہ نمبر 115


# یو این ڈی پی کا بلوچستان سے مختلف شعبوں میں تعاون کا اعلان، تمام سہولیات دینگے، وزیر اعلیٰ

## صوبے کو ماحولیاتی تبدیلی کے سنگین چیلنجز کا سامنا ہے، غیر معمولی بارشوں اور سیلابی آفات سے بڑے پیمانے پر نقصانات کا سامنا

## مستقبل کی منصوبہ بندی بدلتے موسمی حالات کو مدنظر رکھ کر تشکیل دی جائے، بلوچستان سرمایہ کاری کیلئے موزوں خطہ ہے، وفد سے گفتگو

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے جمعرات کو یہاں اقوام متحدہ کے ترقیاتی پروگرام کی اسسٹنٹ سیکرٹری جنرل کنی وگنا راجا کی سربراہی میں یو این ڈی پی کے نمائندہ وفد نے ملاقات کی اور بلوچستان میں جاری اور آئندہ کے مجوزہ منصوبوں پر تبادلہ خیال کیا ملاقات میں حکومت بلوچستان اور اقوام متحدہ کے ادارہ برائے ترقی نے مختلف بقیہ نمبر 43 صفحہ 5 پر

شعبوں میں باہمی اشتراک پر اتفاق کیا یو این ڈی پی کے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کو ماحولیاتی تبدیلی کے سنگین چیلنجز کا سامنا ہے صوبے میں غیر معمولی بارشوں اور سیلابی آفات سے فصلوں اور کچے مکانات کو بڑے پیمانے پر نقصانات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے اس چیلنج سے نمٹنے کیلئے صوبائی حکومت اور اس کے ماتحت ادارے ماحولیاتی تبدیلی سے متعلق جامع پالیسی پر کام کر رہے ہیں سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں دوبارہ آبادکاری کے عمل منصوبوں اور مستقبل کی حکمت عملی میں اس بات پر توجہ دی جا رہی ہے کہ ماحولیاتی تبدیلی کے نتیجے میں رونما ہونے والے ممکنہ نقصانات کو کم سے کم رکھا جائے، اور مستقبل کی منصوبہ بندی بدلتے موسمی حالات کو مدنظر رکھ کر تشکیل دی جائے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے عالمی ادارہ ترقی کے نمائندہ وفد کو آگاہ کیا کہ صوبے کے دور دراز علاقوں میں نیشنل گریڈ سے پیچیدہ منصوبہ بندی کے ذریعے مہنگی قیمت پر بجلی کی فراہمی کے بجائے سولر کے ذریعے متبادل ذرائع پر کام جاری ہے اور ابتدائی طور پر بلوچستان کے متعدد مراکز صحت اور تعلیمی اداروں کو سولرائزیشن سسٹم پر منتقل کیا گیا ہے ہماری خواہش ہوگی کہ یو این ڈی پی کے تعاون سے صوبے میں متبادل توانائی کے منصوبوں کو وسعت دی جائے، میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان عالمی سرمایہ کاری کے لئے موزوں خطہ ہے جہاں سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے ون ونڈو آپریشن کے تحت ملکی اور غیر ملکی سرمایہ کاروں کو تمام سہولیات ایک چھت تلے فراہم کریں گے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے یو این ڈی پی کے جاری اور مجوزہ منصوبوں کو سراہتے ہوئے صوبائی حکومت کی جانب سے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی وفد کی سربراہ اسسٹنٹ سیکرٹری یو این ڈی پی کنی وگنا راجا نے وزیر اعلیٰ بلوچستان کو آگاہ کیا کہ اقوام متحدہ کے ترقیاتی پروگرام کے تحت پاکستان کے 20 اضلاع کا ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ پلان تشکیل دیا گیا ہے جس میں بلوچستان کے 10 اضلاع شامل ہیں بلوچستان حکومت کے ساتھ ماحولیاتی تبدیلی، تعلیم و صحت کے شعبوں میں تعاون کریں گے اس کے علاوہ سیلاب متاثرین کی دوبارہ آبادکاری، متبادل توانائی، رول آف لا اور ایس ڈی جیز پر معاونت کر رہے ہیں ملاقات میں ترجمان صوبائی حکومت شاہد رند، ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات و منصوبہ بندی عبدالصبور کاکڑ، پرنسپل سیکرٹری ٹو چیف منسٹر عمران زرکون سمیت حکومت بلوچستان کے اعلیٰ افسران و یو این ڈی پی کے دیگر نمائندے بھی شریک تھے۔

# سرفراز بگٹی کی زیر صدارت نیشنل ڈرائیورنگ لائسنس برانچ کے قیام پر پیشرفت کا اجلاس

## اجلاس میں آئی جی موٹروے پولیس کی جانب سے وزیر اعلیٰ بلوچستان کو بریفنگ دی گئی

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت بلوچستان میں نیشنل ڈرائیونگ لائسنس برانچ کے قیام پر پیش رفت کا جائزہ اجلاس جمعرات کو یہاں منعقد ہوا اجلاس میں آئی جی موٹر وے پولیس سلمان چوہدری کی جانب سے وزیر اعلیٰ بلوچستان کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ بیرون ملک کم تعلیم یافتہ تاہم ڈرائیونگ اور وہاں کی زبانوں سے آشنا افراد کے لئے روزگار کے وسیع مواقع بقیہ نمبر 16 صفحہ 5 پر

موجود ہیں دستیاب اعداد و شمار کے مطابق یورپ میں تین لاکھ اور مڈل ایسٹ میں ایک لاکھ ڈرائیونگ پیشہ افراد درکار ہیں انکی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے بلوچستان کے افراد کو مڈل ایسٹ اور یورپ میں روزگار کے مواقعوں کی فراہمی کے لئے کامیاب حکمت عملی مرتب کرنا ضروری ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے چیف سیکرٹری کو مناسب تجویز کردہ مقام پر ڈرائیونگ اسکول کے قیام کا جائزہ لینے کی ہدایت کی۔

# وزیر اعلیٰ بلوچستان سے سول سیکریٹریٹ آفیسر ایسوسی ایشن کے وفد کی ملاقات

## میر سرفراز بگٹی نے تینوں آفیسرز ایسوسی ایشن کے صدور پر مشتمل کمیٹی تشکیل دے دی

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے جمعرات کو یہاں بلوچستان سول سیکرٹریٹ آفیسرز ایسوسی ایشن کے نمائندہ وفد نے عبدالمالک کاکڑ کی قیادت میں ملاقات کی اور بقیہ نمبر 1 صفحہ 5 پر

پی ایم ایس کی تشکیل سے متعلق مرتب تجاویز پر عمل درآمد سمیت تینوں کیڈرز کے تصفیہ طلب امور پر تبادلہ خیال کیا، وزیر اعلیٰ بلوچستان نے تینوں آفیسرز ایسوسی ایشن کے صدور پر مشتمل کمیٹی تشکیل دیتے ہوئے اسسٹنٹ ایگزیکٹو آفیسران کے دیرینہ امور کے مستقل حل کے لئے دس دن میں جامع تجاویز مرتب کر کے پرنسپل سیکرٹری آفس میں جمع کرانے کی ہدایت کی، وزیر اعلیٰ بلوچستان نے سول سیکرٹریٹ آفیسرز ایسوسی ایشن کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ گڈ گورننس کے قیام کے لئے ہر سطح پر اصلاحات اور میرٹ کا قیام ضروری ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN**


نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

Bullet No.________ 26اپریل2024ء Page No.________



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی ورکرز ویلفیئر بورڈ کے امور سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی سےUNDP کی اسسٹنٹ سیکرٹری جنرل کنی وگنارا جاملاقات کررہی ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے سیکرٹریٹ آفیسر ایسوسی ایشن کے صدر عبدالمالک کاکڑ کی قیادت میں وفد ملاقات کررہا ہے



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی سے سیکرٹری آفیسر ایسوسی ایشن کے صدر عبدالمالک کاکڑ کی قیادت میں وفد ملاقات کررہا ہے

THE DAILY INTEKHAB (HUB)
روزنامہ انتخاب
حب بلوچستان
رجسٹرڈ نمبر ایل سی I-3
قیمت 40 روپے
صفحات 8
www.dailyintekhab.pk
Hub Ph: 0853-363533
Karachi Ph: 021-32631089 & 32634518
جلد نمبر 36 | بروز جمعرات، 25 اپریل 2024ء بمطابق 16 شوال المکرم 1445ھ | شمارہ نمبر 114

# وزیراعلیٰ مانگی ڈیم منصوبے کی تکمیل میں تاخیر پر برہم

## عوامی مفاد عامہ کے اس اہم منصوبے پر مزید کوئی تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی، پروجیکٹ اسٹاف کو تحفظ فراہم کیا جائے

## عوامی مشکلات کا احساس کرتے ہوئے کام کی رفتار کو تیز کرنا ہوگا، مانگی ڈیم پیش رفت سے متعلق اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مانگی ڈیم منصوبے کی تکمیل میں تاخیر پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس اہم میگا پروجیکٹ میں مزید تاخیر قطعی قابل برداشت نہیں وزیراعلیٰ کی زیر صدارت جمعرات کو یہاں وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ میں مانگی ڈیم کی پیشرفت سے متعلق جائزہ اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں صوبائی وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ سردار عبدالرحمن کھیتران، صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل

بقیہ نمبر 47 صفحہ 7 پر

قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات و منصوبہ بندی عبدالصبور کاکڑ، سیکرٹری پی ایچ ای ولی خان مسکیر پروجیکٹ کوآرڈینیٹر شہزاد حسن جعفر سمیت متعلقہ حکام نے شرکت کی اجلاس میں محکمہ پی ایچ ای کی جانب سے وزیر اعلیٰ بلوچستان کو مانگی ڈیم کی پیش رفت سے متعلق بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں روزانہ 24 لاکھ گیلن پانی کی قلت کا سامنا ہے مانگی ڈیم کی تکمیل سے کوئٹہ میں قلت آب کا مسئلہ مستقل بنیادوں پر حل ہو جائے گا جس سے کوئٹہ کو روزانہ 8.1 ملین گیلن پانی میسر آسکے گا مانگی ڈیم منصوبے کی سیکورٹی کے لئے ایف سی کی خدمات حاصل کرلی گئیں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مانگی ڈیم منصوبے کی تکمیل میں تاخیر پر اظہار تشویش کرتے ہوئے منصوبے کو نظر ثانی شدہ پلان کے مطابق مقررہ وقت میں مکمل کرنے کی ہدایت کی وزیر اعلیٰ نے کہا کہ عوامی مفاد عامہ کے اس اہم منصوبے پر مزید کوئی تاخیر قابل برداشت نہیں ذمہ داران کو عوامی مشکلات کا احساس کرتے ہوئے کام کی رفتار تیز کرنے ہوگی اور اس ضمن مزید کوئی سست روی برداشت نہیں کی جائے گی وزیر اعلیٰ نے محکمہ داخلہ بلوچستان کو ہدایت کی کہ مانگی ڈیم منصوبے کیلئے حسب الطلب سیکورٹی فراہم کی جائے اور پروجیکٹ اسٹاف کو مکمل تحفظ فراہم کیا جائے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے صوبائی وزیر پی ایچ ای کی سربراہی میں کمیٹی تشکیل دیتے ہوئے برقی استعمال کو بتدریج سولرائزیشن پر منتقل کرنے کی ہدایت کی۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE


DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No.________ Page No.________


THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی اکرام اللہ خان

کوئٹہ اور بلوچستان بھر سے

روزنامہ باخبر 26 اپریل 2024ء


وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نیشنل ہائی وے اور موٹروے پولیس کے زیر انتظام کچلاک میں ڈرائیونگ سکول کے قیام کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پی ڈی ایم اے کے دورے کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی اور آئی جی موٹروے پولیس سلمان چوہدری سووینئرز کا تبادلہ کررہے ہیں



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے پاکستان بار کونسل منیر احمد کاکڑ ایڈووکیٹ کی سربراہی میں وکلاء کا وفد ملاقات کررہا ہے

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Daily:________
Bullet No.________
Dated:________
Page No.________

Balochistan Times
92 NEWS MEDIA GROUP
Founded by Syed Faseih Iqbal in 1976
balochistantimes.pk @balochistantimes.pk BTimes_pk
Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 725 QUETTA Friday April 26, 2024 /Shawwal, 17 1445 Rs: 30

# Govt won't compromise on Balochistan rights: Bugti

## Says around 1,000 earthquake resistance houses to be built in Quetta

**Staff Report**

**QUETTA:** Balochistan Chief Minister Mir Sarfraz Bugti has said that the government will not compromise on the rights of Balochistan.

He said that 600 to 1000 earthquake resistant houses are going to be built in Quetta with the grant of United Nations Development Fund (UNDP).

Bugti said while talking to the media on the occasion of the inauguration of the project of houses to be built with the support of UNDP in the PDMA office.

The Chief Minister said that 600 to 1000 such houses are being built under the grant of UNDP in Hana Orak, a suburb of Quetta, which can withstand an earthquake of magnitude 8. He said that registration was done for the welfare of the workers. The number is going to increase. At present, 19 thousand laborers are registered in the province.

.He said that the Motorway Police has established a driving license authority in Quetta whose license is recognized all over the world. He said that the Government of Balochistan under Public Private Partnership. Driving license schools will be built where not only driving but also Arabic, French and English languages will be taught so that our youth can go to different countries and create jobs for themselves.

The Chief Minister said that Balochistan is bound by unemployment, our children are being misused later, we will make the youth skilled.

In response to a question, the Chief Minister said that for the rehabilitation of the flood victims of Balochistan, houses will be built soon with the grant of the federal government. He said that Balochistan is a federal unit, we stand by the decisions of the federal government, we will discuss our problems with the federal government. The way is to conduct an anti-encroachment campaign in Quetta and bring a garbage collection plan in the city under public-private partnership, which will collect the garbage from the citizens' houses and dispose of it.

In response to a question, the Chief Minister said that Qali is now heading towards elimination, the government will take these posts to Levies, Police and other departments. Field officers are working for improvement, if they are not in the field, action will be taken against them. He said that illegal trawling in the coastal areas has been discussed with the federal and Sindh governments, on which the Chief Minister of Sindh has given instructions to the concerned department. Fisheries department of both the provinces will make a plan of action in this regard.

# Govt to sponsor education of 400 children of labourers

**APP**

**QUETTA:** Balochistan Chief Minister (CM) Mir Sarfraz Bugti on Thursday announced a plan to send 400 children of labourers to higher residential educational institutions across the country.

Addressing a meeting of the Labour and Manpower Department and Labour Welfare Fund, the CM said that the initiative will be funded by the Labour Welfare Fund and aims to provide these children with the opportunity to pursue higher education in state institutions. He said that the child of a worker would also study where the child of a person of high status studies saying that all educational and residential expenses of the children of the labourers could be paid from the Labor Welfare Fund. A talented child of a labourer will become an officer, doctor, engineer and a successful person, he added.

The CM also expressed his regret that the labour welfare fund allocated for Balochistan was lapsed instead of being used due to incompetence and lack of interest. He said that the common labourer of Balochistan was deprived of social security. For 19,000 registered workers, the existing rules are not in ground realities, necessary legislation needs to be made in this regard, he noted. Mir Sarfraz Bugti directed the relevant authorities to submit feasible proposals for amendments to the laws within three days to the Law Department for vetting so that steps could be taken to amend the laws. He stated that the impoverished would remain impoverished, not due to their luck but due to social inequality.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: BT

Bullet No.________ Page No.________

Quetta Friday April 26, 2024



QUETTA: CM Balochistan Mir Sarfraz Bugti inaugurating earthquake resistant houses for flood-hit people with the assistance of UNDP on Thursday.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. ______ Dated: 26 APR 2024 Page No. ______

## ملک اور صوبے کی ترقی، سیاسی استحکام کیلئے جرأت مندانہ فیصلے ضروری، گورنر

**بلوچستان میں بارڈر مارکیٹس قائم کرنے اور تجارت کو فروغ دینے سے بیروزگاری اور غربت کا خاتمہ ممکن ہے**

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا کہ پاکستان کی معاشی ترقی وخوشحالی بلوچستان سے وابستہ ہے۔ یہ بات یقین کے ساتھ کی جاسکتی ہے کہ بلوچستان میں بارڈر مارکیٹس قائم کرنے اور سرحدی تجارت کو فروغ دینے سے پورے صوبے میں بیروزگاری اور غربت کا خاتمہ کیا جا سکتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کے روز پاک نیوی کے کمانڈر سینٹرل پنجاب ریئر ایڈمرل اظہر محمود (ستارہ امتیاز ملٹری) نے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ملاقات کے دوران صوبے کے ساحلی علاقوں کی ترقی، بچوں کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کرنے، بارڈر ٹریڈ کو مستحکم بنانے، امن وامان کی صورتحال اور سمندری تجارت کے حوالے سے نئے امکانات بھی زیر بحث آئے۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا کہ وقت آپہنچا ہے کہ ہم ملک اور صوبے کی معاشی ترقی اور سیاسی استحکام کیلئے جرأت مندانہ فیصلے کریں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان قدرتی وسائل ومعدنیات سے مالا مال صوبہ ہے، رقبے کے لحاظ سے سب سے بڑا صوبہ ہے اور یہاں آبادی قلیل مگر منتشر ہے جسکی وجہ سے عوام کو تمام بنیادی سہولیات پہنچانا خاصا مشکل کام ہے۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ افغانستان اور ایران کے ساتھ طویل سرحدیں رکھنے کے باوجود بلوچستان میں سکیورٹی اداروں کی قربانیوں سے امن وامان کی صورتحال ماضی کے مقابلے میں کافی بہتر ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں اپنے قومی اداروں پر فخر ہے اور یہ بات ہم سب کیلئے باعث فخر ومسرت ہے کہ آج ہمارے اداروں میں دنیا کے مختلف ممالک سے آفسران تربیت حاصل کرنے کیلئے آتے ہیں۔ آخر میں مہمانان گرامی کے درمیان یادگاری شیلڈز کا تبادلہ بھی ہوا۔



گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ سے کمانڈر سینٹرل پاکستان نیوی ریئر ایڈمرل اظہر محمود ملاقات کررہے ہیں

MASHRIQ QUETTA

## بلوچستان میں سرحدی تجارت کو فروغ دینے سے غربت کا خاتمہ ممکن ہے، گورنر

وقت آپہنچا ہے ہم ملک اور صوبے کی معاشی ترقی اور سیاسی استحکام کیلئے جرات مندانہ فیصلے کریں: ملک عبدالولی خان کاکڑ

**بلوچستان قدرتی وسائل ومعدنیات سے مالا مال، یہاں آبادی قلیل مگر منتشر جسکی وجہ سے عوام کو تمام بنیادی سہولیات پہنچانا خاصا مشکل کام ہے**

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا کہ پاکستان کی معاشی ترقی وخوشحالی بلوچستان سے وابستہ ہے یہ بات یقین کے ساتھ کی جاسکتی ہے کہ بلوچستان میں بارڈر مارکیٹس قائم کرنے اور سرحدی تجارت کو فروغ دینے سے پورے صوبے میں بیروزگاری اور غربت کا خاتمہ کیا جاسکتا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کے روز پاک نیوی کے کمانڈر سینٹرل پنجاب ریئر ایڈمرل ........ بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

اظہر محمود (ستارہ امتیاز ملٹری) سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا ملاقات کے دوران صوبے کے ساحلی علاقوں کی ترقی، بچوں کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کرنے، بارڈر ٹریڈ کو مستحکم بنانے، امن وامان کی صورتحال اور سمندری تجارت کے حوالے سے نئے امکانات بھی زیر بحث آئے اس موقع پر گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا کہ وقت آپہنچا ہے کہ ہم ملک اور صوبے کی معاشی ترقی اور سیاسی استحکام کیلئے جرات مندانہ فیصلے کریں انہوں نے کہا کہ بلوچستان قدرتی وسائل ومعدنیات سے مالا مال صوبہ ہے، رقبے کے لحاظ سے سب سے بڑا صوبہ اور یہاں آبادی قلیل مگر منتشر ہے



گورنر بلوچستان ملک عبدالولی کاکڑ سے کمانڈر سینٹرل پاکستان نیوی ایڈمرل اظہر محمود ملاقات کررہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No.______ Dated: 26 APR 2024 Page No.______


# Border markets to alleviate poverty: Governor

APP

**QUETTA:** Governor Balochistan Malik Abdul Wali Khan Kakar on Thursday said that the economic development and prosperity of the country was related to Balochistan while unemployment and poverty could be eradicated in the province by establishing border markets and promoting border trade.

He expressed these views while talking to Pak Navy Commander Central Punjab Rear Admiral Azhar Mehmood (Sitara-e-Imtiaz Military) during a meeting here.

During the meeting, the development of the coastal areas of the province, equipping the children with the jewel of education, stabilizing the border trade, law and order situation and new possibilities regarding sea trade were also discussed.

On this occasion, Governor Balochistan Malik Abdul Wali Khan Kakar said that the time has come for us to take bold decisions for the economic development and political stability of the country and the province. He said that Balochistan was a province rich in natural resources and minerals despite it was the largest province in terms of area and the population here was small but scattered due to which it was very difficult to provide all the basic facilities to the people.

The Governor said that despite having long borders with Afghanistan and Iran, the peace and order situation in Balochistan was much better than in the past due to the sacrifices of the security agencies. He said that we were proud of our national institutions and it was a matter of pride and joy for all of us that officers from different countries of the world come to our institutions for training. In the end, commemorative shields were also exchanged between the honored guests.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. ______ Dated: 26 APR 2024 Page No. ______

## دہشتگردی کے خاتمے کیلئے اب فیصلہ کن جنگ کرنا پڑیگی، وزیر داخلہ

### CPO کا دورہ، یادگار شہداء پر فاتحہ خوانی، بریفنگ، وسائل فراہم کرینگے، رزلٹ میں جرائم کا خاتمہ چاہتے ہیں، ضیاء لانگو

کوئٹہ (خ ن) وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے سینٹرل پولیس آفس کا دورہ کیا، آئی جی پولیس عبدالخالق شیخ نے وزیر داخلہ کا استقبال کیا اس موقع پر پولیس کے چاق و چوبند دستے نے وزیر داخلہ کو سلامی دی جبکہ وزیر داخلہ نے یادگار شہداء پولیس پر پھول چڑھائے اور فاتحہ خوانی کی۔ وزیر داخلہ کو آئی جی پولیس نے سینٹرل پولیس آفس میں قائم سیف سٹی کمانڈ اینڈ کنٹرول روم، پولیس لائبریری، وومن ڈے کیئر سنٹر، پولیس آرکائیو سنٹر کا بھی دورہ کرایا۔ نومنتخب وزیر داخلہ کو مختلف پراجیکٹس کے بارے بریفنگ دی گئی۔ وزیر داخلہ نے اجلاس کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قیام امن اور عوام کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جائے گا، دنیا میں جو چیلنجز ہماری پولیس کو درپیش ہیں کسی اور کو نہیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ دہشت گردوں کا نیٹ ورک ختم کرنے کے لیے پولیس اور دیگر اداروں کو چیک پوسٹ پر توجہ مرکوز کرنا ہوگی۔ دہشت گردی کے شکار صوبے کو دہشت گردوں سے نجات دلانا ہوگی۔ وزیر اعلیٰ نے واضح احکامات دیئے ہیں کہ پولیس اور دیگر اداروں کو تمام وسائل فراہم کئے جائیں گے لیکن رزلٹ میں جرائم کا خاتمہ چاہتے ہیں۔ 25 سال سے زائد ہو گئے ابھی تک ہم دہشت گردی کو مکمل ختم کرنے میں ناکام رہے ہیں اب فیصلہ کن جنگ کرنا پڑے گی۔ ہمیں اپنی فورسز پر فخر ہے، میر ضیاء لانگو نے کہا کہ کسی قوم یا معاشرے کی تعمیر و ترقی کے لیے سب سے اہم امن و امان کی صورتحال ہوتی ہے۔ اجلاس کے دوران آئی جی پولیس عبدالخالق شیخ نے کہا کہ قیام امن اور عوام کے تحفظ جیسے اقدامات میں پولیس انتہائی پرعزم اور چوکنا ہے۔ امن و امان کا قیام عوام کا تحفظ فراہم کرنا پولیس کے فرائض میں شامل ہے۔ اجلاس میں ڈی آئی جی کوئٹہ عبدالحئی عامر بلوچ، ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز قمر الحسن، ڈی آئی جی نیلی علی شیر جھکرانی، ڈی آئی جی نصیر آباد، ڈی آئی جی سبی، ڈی آئی جی لورالائی، ڈی آئی جی ژوب اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔

## بلوچستان میں خدمات کے محصولات کا دائرہ کار مزید وسیع کیا جائے، وزیر خزانہ

### بلوچستان کو معاشی مسائل کا سامنا، اصلاحاتی ایجنڈے کے تحت صوبہ مسائل سے نکل آئیگا

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی نے ٹیکس ان سروسز کے نادہندگان کے خلاف قانونی کارروائی کی ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان میں خدمات کے محصولات کے دائرہ کار کو مزید وسیع کیا جائے تاکہ صوبے کی معاشی ترقی کے اہداف حاصل کئے جائیں۔ بلوچستان کو معاشی مسائل کا سامنا ہے، اصلاحاتی ایجنڈے کے تحت ان مسائل کے گرداب سے صوبہ نکل آئے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان ریونیو اتھارٹی کے اپنے پہلے دورے کے دوران کیا، سیکرٹری خزانہ محمد بابر اور چیئرمین بلوچستان ریونیو اتھارٹی نورالحق بلوچ بھی اس موقع پر موجود تھے۔ وزیر خزانہ شعیب نوشیروانی نے افسران سے خطاب کرتے ہوئے کہا وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کی سربراہی میں موجودہ حکومت صوبے میں دیرپا ترقی اور استحکام کیلئے 60 نکاتی اصلاحاتی ایجنڈے پر کام کر رہی ہے، صوبے میں معاشی استحکام اور عام آدمی کی فلاح و بہبود اس ایجنڈے کی ترجیحات میں شامل ہے، محصولات کے نظام اور بی آر اے کے قانون میں ترمیم اور اصلاحات کے ذریعے حاصل ہونے والی آمدن کو مختلف ترقیاتی منصوبوں کے لئے استعمال میں لایا جا سکتا ہے۔ قبل ازیں، چیئرمین بلوچستان ریونیو اتھارٹی نورالحق بلوچ نے وزیر خزانہ کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا بی آر اے نے اپنے اہداف کے حصول میں گزشتہ سال کے مقابلے میں امسال 40 فیصد زائد ریونیو اکٹھا کیا ہے۔

## بلوچستان میں تعلیمی ایمرجنسی نافذ، کوتاہی برداشت نہیں، راحیلہ درانی

### اسامیوں پر میرٹ کے مطابق بھرتی ہوگی، گرلز اسکولز کی ہیڈ مسٹریس کے اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں تعلیمی ایمرجنسی نافذ کر دی گئی ہے بچوں کی تعلیم میں کوتاہی کسی صورت برداشت نہیں کرینگے جو کام نہیں کرے گا وہ خود کو فارغ سمجھے جو اچھا کام کریگا اس کی حوصلہ افزائی کریں گے ہمارا مستقبل ایک پڑھا لکھا بلوچستان ہے اور وہ بلوچستان کے طالب علموں اور اساتذہ سے ہیں تمام خالی اسامیوں کو میرٹ کی بنیاد پر جلد پر کرینگے ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ شہر کے تمام گرلز سکولز کی ہیڈ مسٹریس کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر سیکرٹری تعلیم محمد صالح ناصر، ڈائریکٹر ایجوکیشن اختر محمد کھیتران، ایڈیشنل سیکرٹری سمیع کاکڑ و دیگر آفیسرز بھی موجود تھے صوبائی وزیر نے کہا کہ تعلیم کے حوالے سے بلوچستان میں ایک صاف و شفاف پالیسی مرتب کر رہے ہیں صوبے میں اب ہر سکول کھلے گا ہر بچہ سکول میں ہوگا محکمہ تعلیم وزیر اعظم محمد شہباز شریف اور وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی وژن پر کام کر کے صوبے میں پہلی بار صوبے کے تمام اضلاع میں ماڈل سکولز بنائینگے جبکہ محکمہ تعلیم میں ہیلپ لائن اور کمپلینٹ سیل بھی بنائیں گے یہ بن کر افسوس ہوا کہ 21 ویں صدی میں بھی بعض سکولز میں بنیادی سہولیات گیس بجلی اور پینے کا صاف پانی ناپید ہے جلد تمام سکولوں میں پانی گیس اور بجلی کے مسائل حل کرنے کیلئے سکولوں میں ٹیوب ویل اور بجلی سولر سسٹم پر لائینگے، بلوچستان کا مستقبل بچانے کیلئے صوبائی وزراء، اراکین اسمبلی، سول سوسائٹی، آفیسرز کے ساتھ مل کر تعلیمی نظام میں بہتری لائیں گے سیکرٹری تعلیم صالح محمد ناصر نے کہا کہ ہمیں خوشی ہے کہ ایک وژن رکھنے والی وزیر تعلیم ملی ہے۔

Century Express Quetta

## گلوبل وارمنگ سے نمٹنے کیلئے سب کو کردار ادا کرنا ہوگا، نسیم الرحمان

### صوبائی مشیر کی محکمہ ماحولیات کو تمام جاری اسکیمات جلد مکمل کرنے کی ہدایت

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر کلائمیٹ چینج و ماحولیات نسیم الرحمان خان ملاخیل نے محکمہ ماحولیات کی تمام جاری اسکیموں کو جلد از جلد مکمل کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسٹیکر ہولڈ انوائرمنٹ ڈویلپمنٹ پروگرام اور انوائرمنٹل لیبز کے منصوبے نہایت ہی اہمیت کے حامل ہیں۔ محکمے کی کارکردگی کو مزید بہتر کرنے کے لیے ٹیم ورک کے طور پر دن رات کام کرنا ہوگا، ملازمین (باقی صفحہ 5 نمبر 7) کی حاضری کو یقینی بنایا جائے اور غیر حاضر ملازمین سے کوئی رعایت نہ برتی جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے محکمانہ امور سے متعلق سیکرٹری ماحولیات ندیم الرحمان کی جانب سے دی گئی تفصیلی پریزنٹیشن کے موقع پر کیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل ماحولیات محمد ابراہیم بلوچ و افسران بھی موجود تھے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No.________ Dated: 26 APR 202? Page No.________


## ہر شہری کو معلومات تک رسائی کا حق حاصل ہے، سیکریٹری اطلاعات بلوچستان

### معلومات تک رسائی صحت مند، علمی اور مہذب معاشروں کیلئے اہم ہے، عمران خان

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری اطلاعات عمران خان نے کہا ہے کہ معلومات تک رسائی صحت مند، علمی اور مہذب معاشروں کے لیے اہم ہے، معلومات تک رسائی کے ذریعے شفافیت اور گورننس میں بہتری لائی جاسکتی ہے، ہر شہری کو معلومات حاصل کرنے کا حق حاصل ہے اور یہ جمہوریت کا حسن بھی ہے۔ ان خیالات کا اظہار سیکرٹری اطلاعات نے نیشنل انڈومنٹ فار ڈیموکریسی کے زیر اہتمام بلوچستان میں

بقیہ نمبر 17 صفحہ 5 پر

معلومات تک رسائی کے قانون کے نفاذ کے حوالے سے مشاورتی اجلاس کے شرکاء سے اظہار خیال کرتے ہوئے کیا، اجلاس میں ڈی جی پی آر بلوچستان محمد نور کھیتران، ڈائریکٹرز تعلقات عامہ سید تنویر اختر، سعید احمد شاہوانی، ڈپٹی ڈائریکٹر سید جعفر شاہ، اسسٹنٹ ڈائریکٹرز تیمور خان کاکڑ، منظور احمد گمسی، عبدالباری مندوخیل کے علاوہ این ای ڈی کے کوآرڈینیٹر عادل جہانگیر، بہرام بلوچ، بہرام لہڑی اور مس اجالا نے شرکت کی۔ سیکریٹری اطلاعات نے این ای ڈی کی رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ پر ایڈوکیسی کو سراہتے ہوئے کہا کہ معلومات تک رسائی کے قوانین کا مکمل نفاذ عوام کی بھلائی، پائیدار ترقی اور مضبوط اداروں کی تعمیر میں معاون ثابت ہوسکتا ہے، بلوچستان میں 2021 میں رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ نافذ کیا گیا ہے، وفاق اور دیگر صوبوں میں انفارمیشن کمیشن تشکیل دیے گئے ہیں، بلوچستان میں بھی انفارمیشن کمیشن کی تشکیل کے لیے موثر اقدامات کئے جارہے ہیں۔

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.________ Dated: 26 APR 2024 Page No.________

## واسا کے ملازمین تنخواہوں سے محروم حکام کو مزدوروں کے بجھے چولہے نظر نہیں آرہے، لیپکا بلوچستان

**حکومتی جوڑ توڑ میں مگن حکام کو ملازمین کے مسائل حل کرنے کی فرصت ہی نہیں، سردار محمد کاکڑ، بشیر احمد قریش، حاجی قائم خان شاہوانی**

**واسا ملازمین کے مطالبات جائز، حل کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں بصورت دیگر احتجاج پر مجبور ہوجائیں گے، اشرف نارونی، صاحبزادہ نعمت اللہ**

کوئٹہ (پ ر) آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن کے مختلف یونٹس کے عہدیداران سردار محمد کاکڑ، بشیر احمد قریش، حاجی قائم خان شاہوانی، میر اشرف نارونی، صاحبزادہ نعمت اللہ، نصیب اللہ کاکڑ، محمد نسیم خان، عارف ٹائیگر، باز محمد کاکڑ و دیگر نے واسا ملازمین کو تنخواہوں کی عدم ادائیگی پر گہری تشویش اور غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ واسا ملازمین کے گھروں میں فاقے پڑنے لگے انتہائی افسوس کا مقام ہے کہ......... بقیہ 73 صفحہ نمبر 7 پر

حکومتی جوڑ توڑ میں مگن حکام کو ملازمین کے بجھے چولہے نظر نہیں آرہے، واسا ملازمین کو فوری طور پر تنخواہوں کی ادائیگی کی جائے بصورت دیگر احتجاج پر مجبور ہوجائیں گے یہاں جاری ہونے والے مشترکہ بیان میں لیپکا رہنماؤں کا کہنا تھا کہ گزشتہ روز بھی واسا ملازمین نے تنخواہوں کی عدم ادائیگی کے خلاف ریلی نکالی شہر کی مختلف شاہراہوں پر گشت کیا اور عبدالستار ایدھی چوک پر دھرنا دے کر احتجاج کیا جس سے لیپکا کے صوبائی قائدین داد محمد بلوچ، رحمت اللہ زہری، بلوچستان لیبر فیڈریشن کے خان زمان، بشیر رند، عارف نیچاری و دیگر رہنماؤں نے خطاب کیا

## پشین حملے کی منصوبہ بندی افغانستان سے کی گئی گرفتار دہشتگرد کا اعتراف جرم

**حملے کیلئے 2 بندوں کو راکٹ لانچر، گرنیڈ، اسلحہ فراہم کیا گیا، افغانستان کے بارڈر تک افغان طالبان نے مکمل مدد فراہم کی**

**[illegible] فورسز کو نشانہ بنایا، 2 ساتھی مارے گئے اور میں زخمی ہوگیا، گرفتاری کے بعد احساس ہوا حملے کیلئے ورغلایا گیا، حبیب**

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) افغانستان سے پاکستان میں دراندازی کرنے والے افغان دہشتگرد نے ہوشربا انکشافات کردیئے، گرفتار دہشتگرد نے اعترافی بیان میں پاکستان میں دہشتگرد کارروائیوں کا اعتراف کرلیا، دہشتگرد حبیب نے اعترافی بیان میں کہا بلوچستان کے علاقے پشین میں حملے......... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

کی منصوبہ بندی افغانستان سے کی گئی، حملے کیلئے 2 بندوں کو راکٹ لانچر، گرنیڈ، اسلحہ فراہم کیا گیا، افغانستان کے بارڈر تک افغان طالبان نے مکمل مدد فراہم کی، پاکستانی سیکیورٹی فورسز کو نشانہ بنایا، 2 ساتھی مارے گئے اور میں زخمی ہو گیا، حبیب نے کہا گرفتاری کے بعد احساس ہوا حملے کیلئے ورغلایا گیا جو بہت بڑی غلطی تھی۔

INTEKHAB QUETTA

## محکمہ صحت حب گریڈ 1 تا 9 کی 66 اسامیوں پر حکم امتناع جاری

**لسبیلہ پیرامیڈیکل اسٹاف ایسوسی ایشن کے بانی ڈاکٹر محمد خان شیخ نے جام غلام قادر اسپتال کی اسامیوں پر اسٹے آرڈر لے لیا**

**معزز عدالت کی جانب سے تمام اسامیوں کے انٹرویو کینسل کردیئے گئے، جلد حقائق عوام کے سامنے رکھیں گے، ڈاکٹر محمد خان**

حب (نمائندہ انتخاب) محکمہ صحت حب کی گریڈ 1 تا 9 کی 66 آسامیوں پر بلوچستان ہائی کورٹ نے حکم امتناعی جاری کردیا اس حوالے سے بتایا جاتا ہے کہ لسبیلہ پیرامیڈیکل اسٹاف ایسوسی ایشن کے بانی ڈاکٹر محمد خان شیخ نے جام غلام قادر ہسپتال حب کی اسامیوں پر معزز عدالت سے اسٹے آرڈر لے لیا، معزز عدالت کی جانب سے تمام اسامیوں کے انٹرویو کینسل کردیئے گئے ہیں، ڈاکٹر محمد خان شیخ کا کہنا تھا کہ جام غلام قادر ہسپتال حب کی ان اسامیوں بقیہ نمبر 30 صفحہ 5 پر

کے انٹرویو 2021 میں پہلے ہی ہوچکے ہیں اور اس پر معزز عدالت میں کیس بھی زیر سماعت ہے لیکن جام غلام قادر ہسپتال حب کے MS اور DHO حب نے مبینہ بدنیتی کرکے ان اسامیوں کا اشتہار دوبارہ تشہیر کرایا جو سراسر غیر قانونی ہے اس اشتہار کیخلاف ہم عدالت گئے اور معزز عدالت نے ان تمام اسامیوں پر اسٹے آرڈر جاری کردیا ہے، انہوں نے کہا کہ ان اسامیوں کے انٹرویو 2021 میں لیے گئے اور انٹرویو دینے والے امیدواران ان اسامیوں پر آس لگائے بیٹھے ہیں کہ آرڈرز ہوں گے اور ان اسامیوں کے آسرے ان کی عمر بھی زائد ہوگئی ہیں جبکہ سیکریٹری ہیلتھ کے احکامات ہیں کہ گریڈ 1 تا 4 اسکیل کی اسامیوں پر یونین کونسل سطح پر بھرتیاں کی جائیں، ڈاکٹر محمد خان شیخ کا مزید کہنا تھا کہ عنقریب پریس کانفرنس کرکے حقائق عوام کے سامنے رکھے جائیں گے، دوسری جانب امیدواران نے معزز عدالت سے مطالبہ کیا ہے کہ بوگس ڈپلومہ نکال کر اہل امیدواروں کے آرڈر جاری کیے جائیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.

Dated: 26 APR 202

Page No.

# فوڈ سیفٹی قوانین پر سمجھوتہ قبول نہ ہی کوئی غفلت برداشت کرینگے صوبائی وزیر خوراک

ملک کی بڑی آبادی ناقص خوراک کھانے پر مجبور نتیجتاً شرح امراض میں اضافے سے ہیلتھ سیکٹر پر بھی بوجھ پڑ رہا ہے' نور محمد دمڑ

عوام کو حفظان صحت کے اصولوں کے مطابق خوراک کی فراہمی اور ریلیف دینے کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھائیں گے، چیئرمین بی ایف اے

کوئٹہ (خ ن) نومنتخب صوبائی وزیر و چیئرمین بی ایف اے نور محمد دمڑ نے محکمہ خوراک کا قلمدان سنبھالنے کے بعد بلوچستان فوڈ اتھارٹی ہیڈ کوارٹر کا دورہ کیا .......... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

محکمہ خوراک اور بلوچستان فوڈ اتھارٹی کے افسران کے ساتھ تعارفی اجلاس میں صوبائی وزیر کو محکمانہ و اتھارٹی کے مختلف امور و اقدامات بارے تفصیلی بریفنگ دی گئی اجلاس میں صوبائی سیکرٹری خوراک صالح محمد بلوچ، ڈائریکٹر جنرل بی ایف اے محمد نعیم بازئی، ڈائریکٹر جنرل فوڈ ڈیپارٹمنٹ ظفر اللہ کے علاوہ بی ایف اے و محکمہ خوراک کے ڈائریکٹرز و دیگر افسران نے شرکت کی اس موقع پر اجلاس کے شرکاء سے بات چیت کرتے ہوئے صوبائی وزیر نور محمد دمڑ کا کہنا تھا کہ ملک کی بڑی آبادی ناقص خوراک کھانے پر مجبور نتیجتاً شرح امراض میں اضافے سے ہیلتھ سیکٹر پر بھی بوجھ پڑ رہا ہے، عوام کو حفظان صحت کے اصولوں کے مطابق خوراک کی فراہمی اور لوگوں کو ریلیف دینے کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے جائیں گے انہوں نے کہا کہ بلوچستان فوڈ اتھارٹی انتہائی اہمیت کا حامل ادارہ ہے، عوام کی بہتر صحت کے پیش نظر فوڈ سیفٹی قوانین پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا

## عوامی مسائل ان کی دہلیز پر حل کیے جائے گئے ، بخت محمد کاکڑ

کوتاہی برتنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی، صوبائی وزیر لائیو سٹاک

انتخابات کے دوران عوام سے جو وعدہ کیا اس پر پورا اترنے کی کوشش کرینگے وفود سے بات چیت

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر لائیو سٹاک بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ عوام کے مسائل اور محکمہ کی بہتری کیلئے تمام افسران کو سختی کے ساتھ ہدایت جاری کی ہے کہ وہ اس حوالے سے کوتاہی نہ کریں اور نہ ہی اس حوالے سے کمپرومائز کیلئے تیار ہوں بلکہ ہم نے ملکر محکمے کی بہتری کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھائینگے اور عوام کے مسائل ان .......... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

کی دہلیز پر حل کرنے کی بھرپور کوشش کریں گے، یہ بات انہوں نے اپنی دفتر میں مختلف وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی، وفد نے اس موقع پر مسائل سے بھی آگاہ کیا جس پر انہوں یقین دہانی کراتے ہوئے کہ جس طرح عوام نے مجھے بلاتفریق اور بغیر لالچ منتخب کر کے ایوان تک پہنچایا اسی طرح عوام کے مسائل اور مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے تمام تر وسائل کو بروئے کار لائینگے انہوں نے کہا کہ عوام کیلئے میرے دروازے ہمیشہ کیلئے کھلے ہیں جو بھی مسائل ہو وہ اس سلسلے میں ہم سے شیئر کر سکتے ہیں عوامی مسائل حل اور محکمے کی بہتری کیلئے افسران کو ہدایات دی ہے

# بلوچستان میں خواتین کے مسائل کے حل کیلئے جامع قانون سازی کریں گے، مشیر برائے ویمن ڈویلپمنٹ

صوبے میں بدقسمتی سے خواتین کی اکثریت کو صلاحیتوں اور مہارتوں کو پوری طرح بروئے کار لانے کے مواقع میسر نہیں آسکے ،ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی

خواتین کی خودمختاری معاشرے کی ترقی کے لئے ناگزیر، خواتین کی معاشی خودمختاری صنفی برابری کے قیام کے لئے لازم ہے، بریفنگ کے موقع پر بات چیت

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے جمعرات کو یہاں ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کے صوبائی ڈائریکٹوریٹ کا دورہ کیا اور مختلف شعبوں کا جائزہ لیا اس موقع پر سیکرٹری محکمہ ترقی نسواں سردار خان بگٹی نے مشیر برائے ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کو محکمہ جاتی امور سے متعلق بریفنگ دی اس موقع پر افسران اور اہلکاروں سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا ہے خواتین کی خودمختاری کو صحیح معنوں میں حقیقت کا روپ اس وقت ملے گا جب خواتین کے حوالے سے معاشرے کے رویوں میں مثبت اور نمایاں تبدیلی آئے گی خواتین کے ساتھ باقاعدہ ادب واحترام پر مبنی باوقار سلوک کیا جائے گا اور ان سے ہر معاملے میں انصاف اور برابری سے کام لیا جائے گا انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں خواتین بہت سے مسائل اور مشکلات سے دوچار ہیں جن کے حل کیلئے اقدامات تجویز کر رہے ہیں اور جہاں ضرورت محسوس ہوئی ضروری قانون سازی بھی کریں گے مشیر برائے ترقی نسواں نے کہا کہ ہر دور میں اقوام کے استحکام ترقی اور طویل المدتی خوشحالی کے لئے خواتین نے نمایاں کلیدی کردار ادا کیا ہے تاہم بدقسمتی سے خواتین کی اکثریت کو صلاحیتوں اور مہارتوں کو پوری طرح بروئے کار نہیں لانے کے مواقع میسر نہیں آسکے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.______ Dated: 26 APR 2024 Page No.______

## موٹر سائیکل چھیننے والے گروہ کا سرغنہ گرفتار

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ایس پی صدر ڈویژن محمد آصف یوسف زئی کو خفیہ اطلاع ملی تھی کہ موٹر سائیکل چھیننے والے گروہ کا سرغنہ جانان عرف گل حبیب گلی الماس میں موجود ہے جس پر ڈی ایس پی ایئر پورٹ سرکل عجب خان کاکڑ اور ایس ایچ او نبیل شہید مسعود کاکڑ کی سربراہی میں ٹیم نے گزشتہ روز کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو گرفتار کر کے چار روز قبل مالمو چوک کے قریب طالب علم محمد اخلاص سے چھینی گئی موٹر سائیکل اور واردات میں استعمال ہونے والا اسلحہ قبضے میں لے لیا ابتدائی تفتیش میں ملزم نے ایک درجن سے وارداتوں کا اعتراف کرتے ہوئے دیگر ساتھیوں کی نشاندہی بھی کی ہے جن کی گرفتاری کیلئے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔

## خضدار: موٹر سائیکل چھیننے کی کوشش ناکام

خضدار (نامہ نگار) لیویز اہلکاروں نے دوران گشت جعفر آباد کے علاقے میں موٹر سائیکل چھیننے کے دوران ملزمان شاہد علی اور ظہور احمد کو گرفتار کر لیا جبکہ ملزمان کا ایک ساتھی فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا۔

## ہزار گنجی میں ایک شخص ہلاک

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ہزار گنجی کے علاقے چلتن ٹاؤن چورنگی کے قریب گزشتہ روز نامعلوم افراد نے نشے کے عادی شخص عنایت اللہ کو پتھر مار کر ہلاک کر دیا۔

## ضلع کیچ میں سیکورٹی فورسز کی چیک پوسٹ پر فائرنگ

کوئٹہ (این این آئی) ضلع کیچ کے علاقے میں سیکورٹی فورسز کی چیک پوسٹ پر نامعلوم افراد کی فائرنگ کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ سیکورٹی فورسز ذرائع کے مطابق جمعرات کو ضلع کیچ کے علاقے ہوشاب میں ڈنڈار کے مقام پر نامعلوم شرپسندوں نے سیکورٹی فورسز کی چیک پوسٹ پر فائرنگ کر دی جس پر فورسز کی جوابی کاروائی میں حملہ آور فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ سیکورٹی فورسز کے مطابق واقعہ میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا مزید کارروائی جاری ہے۔

## خضدار، لیویز کی بروقت کاروائی بائک چھیننے کی کوشش ناکام بنادی

### کاروائی میں 2 چور رنگے ہاتھوں گرفتار کر کے دو موٹر سائیکل برآمد کر لی گئی

خضدار (بیورو رپورٹ) لیویز فورس خضدار کی بروقت کاروائی موٹر سائیکل چھیننے کی کوشش ناکام بنادی گئی دو چور رنگے ہاتھوں گرفتار دو موٹر سائیکل برآمد تفصیلات کے مطابق لیویز لائن آفیسر نور احمد زہری، سی آئی اے انچارج کی سربراہی میں لیویز فورس خضدار نے بروقت کاروائی کرتے ہو موٹر سائیکل چھیننے کی کوشش ناکام بنادیا لیویز فورس کیو آر ایف موٹر سائیکل گشت کنندہ جعفر آباد ایریا میں معمول کے مطابق گشت پر تھے کہ اچانک ان کی نظر چوروں پر پڑی......... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

جو ایک شہری سے موٹر سائیکل چھیننے کی کوشش کر رہے تھے لیویز جوان فوری طور پر پہنچ گ? اور دو ملزم شاہد علی ولد غلام علی ساکن بازگیر ظہور احمد ولد صاحب داد ساکن بازگیر کو گرفتار کیا جبکہ ملزمان کا ایک ساتھی جو اسلحہ لیکر دور کھڑے تھے اسی دوران فرار ہوئے بعد ازاں دوران تفتیش ملزمان نے کل خلیج ایریا سے گن پوائنٹ پر موٹر سائیکل چوری کے واردات کو قبول کیا اور انکی نشاندہی پر لیویز سی آئی اے اور لیویز چھاپہ مار ٹیم نے موٹر سائیکل کو برآمد کی ملزمان نے ابتدائی تفتیش میں موٹر سائیکل چھیننے کی متعدد واردات کا اعتراف جرم کر لیا ملزمان کو مزید کاروائی کیلیے خضدار پولیس کے حوالے کیا جائیگا ڈپٹی کمشنر خضدار و اسسٹنٹ کمشنر خضدار نے لیویز جوانوں کی بروقت کاروائی پر انکو داد دی۔

## ہرنائی پولیس نے ایک ماہ بعد ٹریکٹر چور گرفتار کرلیا

ہرنائی (آئی این پی) ہرنائی پولیس کی کامیاب کارروائی میں ٹریکٹر چور کو گرفتار کر کے تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز ہرنائی میں پولیس اہلکاروں نے ایس ایچ او محمد عمر کی سربراہی کارروائی کرتے ہوئے گزشتہ مہینے تک کر اس ہرنائی سے مبینہ طور پر ٹریکٹر چرانے والے ملزم دلاور خان گرفتار کرلیا ہے

INTEKHAB QUETTA

## مستونگ، چھینی گئی گاڑی برآمد، 2 ملزمان گرفتار

مستونگ (نمائندہ خصوصی) مستونگ سٹی پولیس کی کامیاب کارروائی وڈھ سے چھینی گئی پک اپ گاڑی چند گھنٹوں میں برآمد دو ملزمان گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق خضدار کے تحصیل وڈھ کے علاقے میں قومی شاہراہ پر اسلحہ کے زور پر مسلح ملزمان بقیہ نمبر 26 صفحہ 5 پر

نے ریاض احمد کی پک اپ گاڑی چھین کر فرار ہو گئے تھے خفیہ اطلاع ملنے پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عابد خان بازئی ڈی ایس پی خان محمد کی ہدایت پر ایس ایچ او سٹی پولیس عبدالرؤف بلوچ سی آئی اے انچارج عبدالقدوس آجوئی نے پولیس کے چھاپہ ٹیم نے مستونگ کے نواحی علاقہ چلکی ہارون میں کارروائی کرتے ہوئے پک اپ گاڑی برآمد کر کے دو ملزمان محمد اسماعیل لہڑی اور اسکے ایک ساتھی کو گرفتار کر کے تحقیقات کیلئے تھانہ منتقل کر دیا۔ ایس پی مستونگ نے کامیاب کارروائی پر پولیس ٹیم کیلئے نقد انعام اور تعریفی اسناد دینے کا اعلان کیا۔ دریں اثنا پک اپ گاڑی کے مالک ریاض احمد نے سٹی پولیس کی جانب سے فوری کامیاب کارروائی کرنے پر پولیس آفیسران و ٹیم کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ سٹی پولیس کی تعاون کا بیحد مشکور ہوں کہ جنہوں نے گاڑی برآمد کرلیا۔

## منگچر، زیر تعمیر ڈیم کے دو سیکورٹی اہلکار اغوا

منگچر (یو این اے) منگچر کے علاقے خرینی میں مسلح افراد زیر تعمیر ڈیم کے سیکورٹی اہلکاروں کو اسلحہ سمیت اغوا کرلیا۔ بلوچستان کے ضلع قلات کے علاقے خرینی، چشمہ میں زیر تعمیر ڈیم کے سیکورٹی پر معمور دو پرائیویٹ اہلکاروں کو مسلح افراد نے اغوا کرلیا ہے۔ علاقائی ذرائع کے مطابق مسلح افراد کی بڑی تعداد نے مذکورہ مقام پر پہنچ کر ڈیم سیکورٹی اہلکاروں کو اسلحہ سمیت گرفتار کر کے اپنے ہمراہ لے گئے۔ مغویوں کی شناخت تا حال نہیں ہو سکی ہے مزید تفتیش لیویز انتظامیہ کر رہی ہیں۔

CS CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.________ Dated: 26 APR 202 Page No.________


# طوفانی بارشوں نے کلی گوہر آباد سریاب کو کھنڈرات میں تبدیل کردیا ہے، علاقہ مکین

کلی گوہر آباد سریاب میں ہر سال برسات کے موسم میں سیلاب آتا ہے اور ہمارے گھروں کو نقصان پہنچتا ہے، علی نواز پرکانی

قیمتی سامان اور مال مویشی سیلاب بہالے جاتا ہے ہمیں جھوٹی تسلیاں دی جاتیں ہیں عملی اقدامات نہیں کیے جاتے، گہنور خان لہڑی

2022 میں اعلیٰ افسران نے دورہ بھی کیا اور نقصانات کا جائزہ لیا تھا مگر افسوس کہ آج تک پلٹ کر کوئی نہیں آیا، عبداللہ بادینی

اپنی مدد آپ کے تحت گھروں کو تعمیر کیا دعوے اور اعلانات ہوئے کہ سیلابی نالے پر پل تعمیر کیا جائے گا مگر کچھ بھی نہیں ہوا حسین احمد پرکانی

حکومت اور انتظامیہ کی لاپرواہی سے اس سال پھر سیلاب آیا اور ہمارا سب کچھ بہا کر لے گیا افسوس اس بار تو کوئی بھی نہیں آیا، قدرت اللہ

کوئٹہ (نمائندہ مشرق) حالیہ طوفانی بارشوں نے کلی گوہر آباد سریاب کے مکینوں کو سخت متاثر کیا ہے کئی مکانات گر گئے ہیں اور لوگوں کا بے پناہ نقصان ہوا ہے کلی گوہر آباد کا شمار قدیم ترین آبادیوں میں ہوتا ہے جس کا ایک سرا شیخ زید ہسپتال اور دوسرا سرا ہزار گنجی اور اور سریاب کسٹم سیلاب آتا ہے اور ہمارے گھروں کو گرا جاتا اور یہاں تک کہ ہمارے گھروں کا سامان اور مال مویشی تک کو بہا کر لے جاتا ہے حکومت کی جانب سے ہمیں جھوٹی تسلیاں دی جاتیں ہیں مگر عملی اقدامات کبھی بھی نہیں کیے گئے 2022 میں جو سیلاب آیا تھا اس نے بہت بڑی تباہی مچادی تھی کلی گوہر آباد سریاب آنے کی زحمت تک نہیں اور تو چھوڑیں ہمارے علاقے سے کامیاب ہونے والے ایم این اے اور ایم پی اے نے بھی اس طرف کا رخ نہیں کیا جس کی وجہ سے ہم آج بھی بے یارومددگار پڑے ہوئے ہیں اس لیئے ہم وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ممبر قومی اسمبلی نوابزادہ جمال خان رئیسانی



سے جاملتا ہے جس کی آبادی ہزاروں گھروں پر مشتمل ہے کلی گوہر آباد میں ہر سال برسات کے موسم میں سیلاب آتا ہے جس کی اہم وجہ گوہر آباد کے درمیان سے گزرنے والا سیلابی نالا ہے جس کی حکومتی سطح پر کوئی دیکھ بھال نہیں کی جاتی جس کی وجہ سے ہر سال سیلاب کلی گوہر آباد سریاب کے عوام کی قسمت میں لکھا گیا ہے اسی حوالے سے اہلیان کلی گوہر نے مشرق سے گفتگو کرتے ہوئے کیا مشرق سے گفتگو کرنے والوں میں ڈاکٹر علی نواز پرکانی میر گہنور خان لہڑی عبداللہ بادینی حسین احمد پرکانی قدرت اللہ اشفاق احمد ابابکی محمد نواز محمد عزیز اور دیگر شامل ہیں اہلیان کلی گوہر آباد سریاب نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کئی سالوں سے کلی گوہر آباد سریاب میں ہر سال برسات کے موسم میں اور اس وقت کی حکومت نے اس کا نوٹس بھی لیا تھا اور ایک بہت بڑی ٹیم بنائی گئی تھی جس میں اس وقت چیف سیکرٹری کمشنر کوئٹہ ڈویژن ڈپٹی کمشنر کوئٹہ سمیت کئی محکموں کے سیکرٹری تک شامل تھے جنہوں نے 2022 میں کلی گوہر آباد سریاب کا تفصیلی دورہ بھی کیا تھا اور نقصانات کا جائزہ لیا تھا مگر افسوس کہ آج تک پلٹ کر کوئی نہیں آیا ہم لوگوں نے اپنی مدد آپ کے تحت دوبارہ اپنے گھروں کو تعمیر کیا جبکہ اس وقت بلند و بانگ دعوے اور اعلانات کیئے گئے تھے کہ سیلابی نالے پر پل تعمیر کیا جائے گا نالے کی صفائی کی جائے گی مگر کچھ بھی نہ ہوا حکومت اور انتظامیہ کی اسی لاپرواہی کی وجہ سے اس سال پھر سیلاب آیا اور ہمارا سب کچھ بہا کر لے گیا مگر افسوس کہ اس بار تو کوئی بھی حکومتی یا عوامی نمائندہ اور ضلعی انتظامیہ نے اور ممبر صوبائی اسمبلی پرنس آغا عمر جان احمدزئی چیف سیکرٹری بلوچستان کمشنر کوئٹہ ڈویژن ڈپٹی کمشنر کوئٹہ اور دیگر ذمہ داران سے پرزور اپیل کرتے ہیں کہ خدارا ہمیں اس مشکل کی گھڑی میں سنبھالا جائے اور کلی گوہر آباد سریاب سے گزرنے والے سیلابی نالے پر پل تعمیر کیا جائے اور اس کی صفائی کر کے اس کے دونوں اطراف پختہ دیواریں تعمیر کی جائیں کیونکہ یہ کوئی عام نالا نہیں ہے اس میں نالے میں چلتن پہاڑ مشرقی بائی پاس میاں غنڈی مین سریاب روڈ مستونگ روڈ کسٹم اور دیگر علاقوں کا برساتی پانی آتا جس کی وجہ ہم لوگ بروقت سیلاب کی زد میں رہتے ہیں کلی گوہر آباد سریاب کے مکینوں کا کہنا تھا کہ ہم امید کرتے ہیں کہ ہمیں اس عذاب سے نجات دلائی جائے گی

# بلوچستان سمیت ملک بھر میں جان بچانے والی ادویات کی قلت

اینٹی بائیوٹکس، نفسیاتی و دماغی امراض کی ادویات غائب، مریض حصول کیلئے پریشان

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) بلوچستان سمیت ملک بھر میں جان بچانے والی ادویات کی قلت، مریض حصول کیلئے خوار ہوکر رہ گئے، رپورٹ کے مطابق انسولین سمیت........ بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

30 اہم ادویات میڈیکل سٹورز پر دستیاب نہیں، عدم دستیاب ادویات میں اینٹی بائیوٹکس، نفسیاتی و دماغی امراض اور دمے کی ادویات شامل ہیں جبکہ ٹیٹنس کے انجکشن، مختلف اقسام کے انہیلرز کی بھی شدید قلت ہے۔

# پسنی، مچھروں کی بھرمار، تا حال اسپرے نہ ہو سکا، بیماریاں پھیلنے کا خدشہ

شہری علاقوں میں مکھیوں اور مچھروں کی بھرمار کے باوجود گلی کوچے اور بازار مچھر مار سپرے سے محروم ہیں

گندے پانی کی نکاسی و صفائی کا نظام نہ ہونے کی وجہ سے مچھروں و مکھیوں کی افزائش میں اضافہ ہورہا ہے

گوادر (این این آئی) پسنی شہر میں مچھروں کی بھرمار، مچھر مار اسپرے تا حال نہ ہوسکا، ڈینگی سمیت مختلف مہلک بیماریاں پھیلنے کا خدشہ، متعلقہ محکموں نے چشم پوشی اختیار کرلی، عوامی و سماجی حلقوں میں تشویش کی لہر دوڑ گئی۔ تفصیلات کے مطابق حالیہ طوفانی بارشوں کے بعد پسنی کے شہری علاقوں میں مکھیوں اور مچھروں کی بھرمار کے باوجود شہر کے تمام گلی کوچے اور بازار مچھر مار سپرے سے محروم ہیں جبکہ متعلقہ محکموں نے مکمل چشم پوشی اختیار کرلی ہے پسنی کے عوامی سماجی حلقوں کے مطابق شہر میں حالیہ بارشوں سے نالیوں وگٹروں کا گندا پانی سڑکوں اور گلی کوچوں میں جمع ہونے اور جگہ جگہ گندے پانی کا نکاسی و صفائی کا انتظام نہ ہونے کی وجہ سے مچھروں ومکھیوں کی افزائش میں تیزی سے اضافہ ہوتا جارہا ہے، پسنی میں مچھر مار سپرے اور صفائی نہ ہونے سے کئی موذی امراض پھیلنے کا خدشہ بڑھ رہا ہے لیکن متعلقہ محکمے ٹس سے مس نہیں ہوتے، انہوں نے بتایا کہ ڈینگی وغیرہ کنٹرول کرنے کے حوالے سے کانفرنسز اور اجلاس منعقد کئے جاتے ہیں لیکن ایسے حالات میں ا?غاز سے صفائی کے نظام میں لاپرواہی اور غفلت کا مظاہرہ کیا جاتا ہے اور بعد میں قومی خزانے سے لاکھوں کروڑوں روپے لگا کر بھی بیماریوں کو کنٹرول نہیں کیا جاسکا ہے اس ضمن میں پسنی کے شہریوں نے صوبائی حکومت اور اعلیٰ افسران سے روزانہ کی بنیاد پر شہر کے ہر گلی کوچے اور بازار میں مچھر مار سپرے کرانے کا مطالبہ کیا ہے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No.

Dated: 26 APR 2024

Page No.


# سرکاری ہسپتالوں کی حالت زار

## حکام کی فوری توجہ کی منتظر

وطن عزیز میں مرکز اور صوبوں میں اقتدار سنبھالنے والی ہر حکومت عوام کو علاج کی سہولیات فراہم کرنے کو ترجیحات میں سرفہرست قرار دیتی ہے سرکاری علاج گاہوں میں مریضوں کا رش حقیقت ہے وسائل بمقابلہ مسائل کم ہونا بھی حقیقت ہے اس سب سے متعلق فنڈز کا انتظار کرنے کی بجائے مہیا وسائل میں مریضوں کے ساتھ ان کے تیمارداروں کو درپیش مشکلات کا حل ممکن بنایا جاسکتا ہے' انتظار گاہوں میں بیٹھنے کی سہولت رات کے قیام میں دشواریوں کا خاتمہ' واش رومز کی سہولت اور سب کے ساتھ ہسپتالوں کے اندر اور قریبی بازاروں میں معیاری اشیائے خوردونوش کی مناسب نرخوں پر فراہمی کے لئے صرف ضرورت نگرانی کے کڑے انتظام کی ہے جس کا احساس ناگزیر ہے' کئی کئی دن مریضوں کے ساتھ گزارنے والے تیمارداروں کی مشکلات کا اندازہ اسی وقت ہوسکتا ہے جب خود ذمہ دار حکام موقع پر پہنچ کر ان کا جائزہ لیں۔ یہی صورتحال صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے سرکاری ہسپتالوں کی ہے جہاں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بولان میڈیکل کالج اور شیخ زید ہسپتال کے دورے بھی کیے لیکن ہسپتالوں میں مسائل جوں کے توں ہیں کہیں ادویات نہیں تو کہیں دیگر سہولیات ناپید ہیں لہٰذا صوبائی حکومت اور متعلقہ محکمے کے اعلیٰ حکام اس صورتحال کا سنجیدگی سے جائزہ لے کر عوام کو صحت کی بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائیں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No.

Dated: 26 APR 2024

Page No.


## پانی قلت، وزیراعلیٰ کا مانگی ڈیم کی عدم تکمیل پر برہمی کا اظہار

[illegible]

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No.

Dated: 26 APR 2024

Page No.

# Infrastructure woes

Balochistan is a land of immense potential. Yet, beneath its rich tapestry of natural resources lies a harsh reality, crumbling infrastructure that cripples the lives of its citizens. The provincial government's struggle to effectively address this issue is a cause for serious concern.

Quetta, the provincial capital, presents a microcosm of the wider problem. Potholed roads snake through the city, hindering movement and business. Erratic electricity supply disrupts daily routines and stifles economic activity. The specter of water scarcity looms large, a constant reminder of inadequate water management systems. Quetta city is the largest city of the province but its roads are in dilapidated condition, traffic issue has worsened, sewerage lines are choked and garbage dumping process has become completely obsolete.

These issues are not new. Successive governments have unveiled grand plans and lofty promises. Yet, tangible progress remains elusive. Projects are often plagued by delays, bureaucratic hurdles, and allegations of mismanagement. The optics of neglecting basic infrastructure while pursuing vanity projects further erode public trust.

The consequences of this inaction are far-reaching. It discourages investment, hindering economic growth and job creation. It limits access to essential services like education and healthcare. It fuels frustration and a sense of neglect among the people of Balochistan.

The path forward demands a paradigm shift. Balochistan needs a comprehensive infrastructure development plan, not piecemeal projects. Transparency and accountability in project execution are paramount. Engaging the private sector through Public-Private Partnerships (PPPs) can unlock much-needed investment.

Furthermore, the focus must extend beyond Quetta. Balochistan's smaller cities and rural areas deserve equal attention. Upgrading the road network, improving water management systems, and ensuring reliable electricity supply across the province are crucial steps.

The time for rhetoric is over. Balochistan's government must demonstrate a genuine commitment to infrastructure development. The future prosperity and well-being of the province hinge on addressing this critical challenge. Now it is an opportunity for the incumbent Balochistan government led by Mir Sarfraz Bugti and his cabinet to exhibit their talent and strive hard to improve the condition of Quetta city as well as other cities of the province. The misuse of funds and mismanagement should be stopped as people of the province could afford this thing anymore.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.____________ Dated: 26 APR 2024 Page No.____________


## کوئٹہ ارمانوں کا قبرستان

بلوچستان کے بارے میں تین باتیں یا سلوگن لطیفوں میں تبدیل ہو چکے ہیں، اوّل یہ کہ بلوچستان کے عوام سے معافی چاہتے ہیں دوئم صدر یا وزیراعظم کے دورے سے بلوچستان کے احساس محرومی کا خاتمہ ہوگا سوئم پاکستان کا مستقبل بلوچستان سے وابستہ ہے، یہ باتیں یہ نعرے ہم سابق صدر جنرل ضیاء الحق کے دور سے سنتے آ رہے ہیں اس وقت سے آج تک حکمرانوں کی

قصے اور کہانیاں



آغا نیاز مگسی

جانب سے بلوچستان سے معافی مانگنا ایک فیشن اور ایک رسم بن چکا ہے ٹھیک اسی طرح جس طرح ہمارے حکمران جن میں صدر، وزیراعظم اور وزیر اعلیٰ سے لے کر وزیر اور مشیر تک اپنے عہدے کا حلف اٹھانے کے بعد عمرہ کی سعادت حاصل کرنا لازمی قرار پاتا ہے، خواہ عمرہ کے تقاضے پورے کیئے جائیں یا نہیں لیکن عمرے کیلئے جانا ضروری ہے، ہمارے یہاں بھی ایسا ہی ہے کہ بلوچستان سے ماضی میں کی جانے والی زیادتیوں کی معافی مانگی ضرور جاتی ہے، معافی کے تقاضے بیشک پورے نہ کئے جائیں۔

سابق صدر جنرل پرویز مشرف سے یہ قول زریں سنا تھا کہ پاکستان کا مستقبل بلوچستان سے وابستہ ہے، مزید یہ کہ اس کی محرومیوں کا نہ صرف ازالہ کریں گے بلکہ بلوچستان کو اس کے حق سے بھی زیادہ دیں گے وہ بلوچستان کو ترقی دے سکے یا نہیں البتہ کوئٹہ کی عدالت عالیہ مرحوم پرویز مشرف کی راہ ضرور تکتی رہی ہے۔

کوئٹہ بلوچستان کا دارالحکومت اور صوبے کا سب سے بڑا شہر ہے جس کی آبادی 22 لاکھ کے لگ بھگ ہے، خوشگوار موسم کے باعث یہاں گرمیوں میں پاکستان بھر سے لوگ گرمیاں گزارنے اور سیر و تفریح کیلئے آتے ہیں، لیکن پاکستان کے مستقبل بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ کے مقامی شہری شدید مشکلات اور مسائل میں گھرے رہتے ہیں، یہاں کا سب سے بڑا مسئلہ مستقبل کے بین الاقوامی شہر گوادر کی طرح پینے کا صاف پانی کا ہے جو سنگین صورت اختیار کر چکا ہے، اس مسئلے کے حل کیلئے سابق وزیراعلیٰ نواب ثناء اللہ زہری نے پٹ فیڈر کینال ڈیرہ مراد جمالی سے کوئٹہ شہر کو پانی کی فراہمی کا منصوبہ بنایا تھا مگر وہ اس پر عمل نہیں کرا سکے، اس کے بعد وزیراعلیٰ جام کمال خان کی حکومت نے اس منصوبے کو ناقابل عمل قرار دے دیا تھا، جس سے یہ مسئلہ مزید سنگین ہوتا گیا اب موجودہ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے بھی کوئٹہ میں سنگین صورت حال اختیار کرنے والے اس مسئلے پر سخت تشویش کا اظہار کیا ہے، جس طرح گوادر کے لوگ سمندر کے کنارے رہ کر پانی کو ترس رہے ہیں، کوئٹہ کے شہریوں کا بھی یہی حال ہے، یہاں پر واسا اور ٹینکر مافیا کا راج ہے کوئٹہ کے شہریوں کا کہنا ہے کہ واسا کی جانب سے شہر میں پانی کی فراہمی کا جو شیڈول بنا ہوا ہے اس کے مطابق 3 روز بعد ہر علاقہ کی باری آتی ہے اور وہ بھی بہ مشکل ایک گھنٹہ مل پاتا ہے جس سے پانی کی ضرورت پوری ہونا ناممکن ہے۔

اگر کوئٹہ کی آبادی کا جائزہ لیا جائے تو یہاں صرف چند ہزار لوگ جن میں گورنر، وزیراعلیٰ، وزراء، اراکان اسمبلی، سرکاری افسران اور بڑے تاجر حضرات ہی کو پانی کی سہولت میسر ہے، تمام شہری اور مزدور طبقہ پانی کیلئے ترس رہا ہے، یہ لوگ دو وقت کی روٹی کیلئے پریشاں اور سرگرداں ہیں اوپر سے پانی کی ضرورت نے ان کی زندگی کو عذاب بنا رکھا ہے، پانی کا فی ٹینکر 3 سے 4 ہزار روپے فروخت ہو رہا ہے تو غریب اور مزدور طبقہ کہاں سے پانی کا ٹینکر خرید سکتا ہے، وہ تو پانی کی بوند بوند کے لیے ادھر ادھر بھٹکتا پھر رہا ہوتا ہے۔

ہر آنے والی صوبائی حکومت نے کوئٹہ کو پیرس بنانے اور اس کی خوبصورتی کو بحال کرنے کا دعویٰ کیا ہے، لیکن ماضی کا یہ لٹل پیرس اب زندہ انسانوں کا کھنڈرات میں تبدیل ہوتا ہوا پیاسا شہر بن چکا ہے۔ سابق وزیراعلیٰ نواب ثناء اللہ زہری کے بارے میں یہ بات مشہور تھی کہ وہ کوئٹہ سے زیادہ کراچی اور دبئی میں رہتے تھے مگر پھر بھی انہوں نے کوئٹہ نہ سہی لیکن وزیراعلیٰ ڈویلپمنٹ پیکیج کے تحت صوبے کے دور دراز شہروں کی خوبصورتی اور سہولیات اور ترقی کے حوالے سے قابل ذکر اقدامات کیئے تھے اس کے برعکس موجودہ وزیراعلیٰ زیادہ تر وقت کوئٹہ کو دے رہے ہیں، عوامی نمائندے اور عام شہری ان سے آسانی کے ساتھ ملاقات کر رہے ہیں، مگر ابھی تک سہولیات اور ترقیاتی اقدامات کے حوالے سے کچھ بھی نظر نہیں آتا، اس لیئے صرف ملاقاتوں سے پیٹ نہیں بھرتا، بس لوگ آس اور امید کی شمع جلائے بیٹھے ہیں، شاید کہ کچھ مثبت اقدامات کئے جائیں۔

قلت آب کی وجہ سے کوئٹہ میں زندگی خطرے میں ہے جس سے انسان، چرند پرند اور حشرات الارض سبھی دوچار ہیں، اگر ایک دو برس کے اندر پانی کا مسئلہ حل نہیں کیا جاتا تو پھر اس شہر کو خدانخواستہ ویران ہونے میں دیر نہیں لگے گی، انسان اور حیوان بھی نقل مکانی پر مجبور ہو جائیں گے اور یہاں کے انسانوں کے ارمان قتل ہو جائیں گے اور پھر یہ شہر صرف اور صرف انسانوں کے ارمانوں کا قبرستان بن کر رہ جائے گا، تاریخ کے اوراق میں اس کا بڑی حسرتوں اور بڑے ارمانوں کے ساتھ ذکر کیا جائے گا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Tribune Express Karachi

Bullet No.

Dated: 25 APR 2024 Page No.

# CM names panel on missing persons

## Committee will also work to ensure peace in Balochistan

SYED ALI SHAH
QUETTA

Balochistan Chief Minister Sarfraz Bugti has announced the formation of a parliamentary committee aimed at ensuring peace and resolving the missing persons issue in the province.

"We are committed to creating a comprehensive plan that ensures peace and order prevail in Balochistan, allowing our people to live without fear," the chief minister said while addressing a news conference at the Chief Minister's Secretariat in the provincial capital the other day.

The committee, inclusive of representation from opposition parties, would not only address issues pertaining to peace and missing persons but also deliberate on various challenges encountered by Balochistan. Its primary focus would be on formulating effective policies to tackle these matters.

The chief minister underscored the significance of dialogue in resolving the issues faced by the province. "Seeking peaceful solutions is imperative. Nevertheless, in the event of failed negotiations, we must explore alternative measures," he asserted.

Addressing the pressing issue of missing persons, Bugti noted that the "dilemma" was of a "significant concern" for the nation.

Referring to the commission on enforced disappearances, the chief minister observed that the body resolved 80 per cent of the cases, while also acknowledging the challenges in identifying the missing individuals.

> We are committed to creating a comprehensive plan that ensures peace and order prevail in Balochistan
>
> Balochistan CM **Sarfraz Bugti**

Bugti cautioned against blaming institutions regarding missing persons, saying government bears the responsibility to locate any missing citizen, regardless of circumstances.

The chief minister condemned the recent acts of violence in Balochistan including the killing of an individual in Kohlu district during by-polls on PB-9.

Denouncing the banned outfits which inflicted harm on innocent civilians, Bugti urged citizens to unite against terrorism.

He also highlighted external factors contributing to terrorism in the region. "Those who perpetrate acts of terrorism in the name of religion are receiving support from across the border in Afghanistan."

The announcement of the parliamentary committee underscores a concerted effort by the government to address the longstanding issues in Balochistan, with a focus on fostering peace, security, and reconciliation in the troubled region.

A day earlier, the federal government said it had decided to reconstitute the cabinet committee on missing persons, with the inclusion of parliamentary representation.

Addressing a news conference alongside Information Minister Attaullah Tarar in Islamabad, Law Minister Azam Nazeer Tarar said resolving the issue of missing persons required time, stressing that it "could not be resolved overnight", and added that the government was committed to achieving a consensus among all stakeholders.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.______ Dated: 26 APR 2024 Page No.______



کوئٹہ: وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو یادگار شہداء پر پھول چڑھا رہے ہیں



صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی سے آئی جی پولیس بلوچستان عبدالخالق شیخ بات چیت کر رہے ہیں



صوبائی مشیر ماحولیات وموسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمان خان ملا خیل کو سیکرٹری ماحولیات وموسمیاتی تبدیلی ندیم الرحمان محکمہ بریفنگ دے رہے ہیں، اس موقع پر ڈی جی ماحولیات محمد ابراہیم بھی موجود ہیں



کوئٹہ: صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ درانی اپنے جامعہ بلوچستان کے دورے کے موقع پر جامعہ کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ظہور احمد بازئی سے ملاقات کر رہے ہیں



صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی بائی اسکولز کے پرنسپل کو اسکولز میں درپیش مسائل کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں



صوبائی وزیر و چیئرمین بی ایف اے نور محمد دمڑ ضبط شدہ غیر معیاری کولڈ ڈرنکس کا معائنہ کر رہے ہیں



صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی کو چیئرمین بلوچستان ریونیو اتھارٹی نورالحق بلوچ بریفنگ دے رہے ہیں

CamScanner

## CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.________ Dated: 26 APR 2024 Page No.________



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر لینڈ ایویلوایشن کمیٹی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

Century Express Quetta



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان لینڈ ایویلوایشن کمیٹی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

## CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.________ Dated: 26 APR 2024 Page No.________



آئی جی پولیس عبدالخالق شیخ دوران ڈیوٹی شہید پولیس اہلکارز کی ہارون کو خراج عقیدت پیش کر رہے ہیں

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.________ Dated: 26 APR 2024 Page No.________



سیکرٹری اطلاعات عمران خان جیتنل انڈ ونٹ فارڈیموکریسی کے زیر اہتمام بلوچستان میں معلومات تک رسائی کے قانون کے نفاذ کے حوالے سے مشاورتی اجلاس کے شرکاء سے اظہار خیال کررہے ہیں